

# ایمریلڈ پلان


ای ایف یو لائف اشورنس لمیٹڈ

ای ایف یو لائف ہاؤس، پلاٹ نمبر 112، آٹھویں ایسٹ اسٹریٹ
فیز I، ڈی ایچ اے، کراچی، پاکستان
فون: (111-338-111) 111-EFU-111 (021)
فیکس: 34537519 (021)
ویب سائٹ: www.efulife.com

## آپ کی مالی نشوونما کے فروغ کے امکان کے لئے ایک پلان

جیسے جیسے ہم زندگی میں آگے بڑھتے ہیں، ہمارے خوابوں کی تکمیل دشوار ہوتی جاتی ہے۔ ہر دن محتاط منصوبہ بندی کے کٹھن کام، بہترین فیصلہ سازی اور احتیاط سے خطرہ مول لینے پر مشتمل ہے۔ یہ ضروری ہے کہ معیارِ زندگی برقرار رکھنے کی منصوبہ بندی کی جائے اور مستقبل کیلئے سرمایہ جمع کیا جائے۔ تین مختلف طریقہ جات پر مشتمل ایک منفرد طور پر تشکیل دیا گیا ایمر یلڈ پلان جو آپکو اعلیٰ قدر سرمایہ کاری کے مواقع کے ساتھ ساتھ بیمہ تحفّظ بھی فراہم کرتا ہے۔ یہ پلان آپ کو یونٹ کی ایک اعلیٰ تخصیص کے ساتھ پریمیئم کے لچکدار انتخابات پیش کرتا ہے۔ بنیادی طور پر موجود پرائمس کا اضافی خصوصی فیچر جو آپ کو دنیا کی شہرت یافتہ خدمات کا ایک مکمل نیا تجربہ پیش کرنے کے لئے اشرافیہ کو حاصل خدمات کی ایک خود تشخیصی حد فراہم کرتا ہے۔

## ای ایف یو ایمر یلڈ پلان ہی وہ پلان ہے جس کی آپ کو تلاش ہے

ای ایف یو لائف ایمر یلڈ پلان ایک لچکدار اور اعلیٰ قدر بچتوں اور تحفّظ کی پروڈکٹ ہے جو اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ آپ کے سرمائے کی ضروریات پوری ہوں، اور اس کے ساتھ ساتھ آپ کی بچتوں کو درمیانی مدّت سے لے کر طویل مدّت کی بنیاد پر جمع ہونے کا موقع ملے۔

یہ پلان خاص طور سے ان اعلیٰ قدر افراد کیلئے تشکیل دیا گیا ہے جو اپنے سرمایہ جات پر اعلیٰ تر منافع جات حاصل کرنا چاہتے ہیں اور پالیسی کی مدّت کے دوران غیر یقینی حالات کی صورت میں مالی تحفّظ کو بھی سراہتے ہیں۔ اس پلان کے ذریعے جمع شدہ فنڈز کئی مقاصد کیلئے استعمال کئے جا سکتے ہیں، جیسے اپنا معیارِ زندگی برقرار رکھنا، اپنی اولاد کی اعلیٰ تعلیم کی خواہش کو پورا کرنا، اپنے مستقبل کی خواہشات کیلئے فنڈ بنانا، اور اپنے پیاروں کے مستقبل کے لئے ایک مالی تحفّظ پیدا کرنا۔

### سرمائے کی نشوونما کیلئے موقع:

پلان میں کی جانے والی ادائیگیوں کو، پالیسی کنندہ کے منتخب کردہ فنڈ میں یونٹس کی خریداری کیلئے استعمال میں لایا جائے گا جس کو درج ذیل یونٹ بچت فنڈز میں سے، پالیسی کے آغاز پر خطرے کی حد اور سرمائے کے مقصد کی بنیاد پر کسی دو کا انتخاب کرنے کی سہولت حاصل ہے۔ دستیاب فنڈز:

**ای ایف یو مینیجڈ گروتھ فنڈ** ۔ متوازن سرمایہ کاری کی حکمتِ عملی کے ساتھ سرمایہ کاری کا ایک فنڈ ہے۔ اس کا ہدف حکومتی مالیاتی اداروں میں محتاط طریقے سے منتخب کردہ بلو چپ سیکیوریٹیز میں اور مختلف فکسڈ انکم سیکیوریٹیز اور نقد میں سرمایہ کاری کے ذریعے سرمائے میں مناسب فروغ اور مستحکم آمدنی کا حصول ہے۔

**ای ایف یو گارنٹیڈ گروتھ فنڈ** ۔ مستحکم آمدنی فراہم کرنے والا سرمایہ کاری فنڈ جس میں یہ ضمانت دی جاتی ہے کہ فنڈ کی بولی قیمت (بِڈ پرائس) کبھی ایک مخصوص فیصد سے نیچے نہیں آئے گی۔ اسکا ہدف قلیل المیعاد قرضہ لینے والے مالیاتی اداروں میں سرمایہ کاری کے ذریعے سرمایہ کی مستحکم نشوونما ہے۔

**ای ایف یو ایگریسو گروتھ فنڈ**۔ ایک ایسا سرمایہ کاری فنڈ جس کا ہدف ایسی ایکیوٹیز میں سرمایہ کاری کرنا ہے جو اعلیٰ منافع جات پیش کریں۔ اسکا مقصد سرمائے کو مارکیٹ کی تیزی کی توقع کی مناسبت سے استعمال کر کے سرمائے کی نشوونما کو بڑھانا ہے۔

**انکم گروتھ فنڈ**

ایک سرمایہ کاری فنڈ جس کا مقصد سیکیوریٹیز میں سرمایہ کاری کر کے مستحکم بڑھوتری حاصل کرنا ہے۔ اس کا ہدف حکومتی مالیاتی اداروں اور قرضہ دینے والی اعلیٰ معیاری مالیاتی اداروں میں سرمایہ کاری کے ذریعے سرمایہ کی مستحکم نشونما ہے۔



## بچتوں تک رسائی:

مستقبل کے بارے میں کوئی بھی پیشین گوئی نہیں کرسکتا۔ اگر آپ کے حالات تبدیل ہوں اور آ پکو نقدرقم کی ضرورت پڑ جائے تو آپ منصوبے کے دوسرے سالانہ پریمیم کی ادائیگی کے بعد، اپنے منصوبے کو بِڈ پرائس کی کُل قدر کیلئے نقدرقم کی شکل میں نکلوا سکتے ہیں۔ برائے مہربانی یہ یاد رکھئے کہ چونکہ منصوبہ طویل المیعاد سرمائے کے فوائد کیلئے تشکیل دیا گیا ہے، ابتدائی سالوں میں اسکی قدر کم ہونے کا امکان ہے۔

بصورت دیگر یہ بھی ممکن ہے کہ آپ اپنے منصوبے میں موجود سرمائے کا ایک مختصر حصہ لینا چاہتے ہوں۔ یہ منصوبہ آپ کو کسی بھی وقت، پریمیئم کی ادائیگی جاری رکھتے ہوئے اور پلان کو نافذ العمل رکھتے ہوئے، نقدرقم کی جزوی واپسی کی سہولت فراہم کرتا ہے بشرطیکہ اس طرح کی رقم کی واپسی کے بعد منصوبے میں کم از کم 3,00,000 روپے نقد قدر کے طور پر موجود رہیں۔ پالیسی کے نافذ العمل رہتے ہوئے، فنڈ ایکسلریشن پریمیئم کی نقد قدر کسی بھی وقت جزوی طور پر یا مکمل طور پر نکلوائی جاسکتی ہے۔


## فنڈ ایکسلریشن پریمیئم:

یہ بینیفٹ آپ کو پلان میں اپنی اضافی رقوم کو یکمشت جمع کرا کر آپ کی بچت کو فروغ دینے کی لچک اور موقع فراہم کرتا ہے۔ یہ یکمشت اضافی ادائیگیاں جن کو فنڈ ایکسلیریشن پریمیم کا نام دیا گیا ہے، پالیسی کے آغاز پر یا پالیسی کے دوران کسی بھی وقت کی جاسکتی ہیں اور اس مد میں کم از کم ادائیگی 50,000 روپے ہے۔ اضافی پریمیم کی ادائیگیاں آپ کے منصوبے کی نقد قدر کو بڑھائیں گی مگر ان کا زر بیمہ پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔

## پلان کی مختلف اقسام:

آمدنی کے درجات کی ایک وسیع تر حد فراہم کرنے کے لئے، پالیسی کنندہ کو کم از کم پریمیئم کی مختلف حدود سے انتخاب کرنے کے لئے تین مختلف اقسام حاصل ہونگی:

| قسم اوّل | قسم دوئم | قسم سوئم |
|---|---|---|
| ایمریلڈ | ایمریلڈ پلس | ایمریلڈ ایگزیکیوٹو |
| 3,00,000 روپے | 5,00,000 روپے | 15,00,000 روپے |



## آپ ہماری ترجیح ہیں

### پرائمس بینیفٹ:

ای ایف یو لائف پیش کرتا ہے **پرائمس**: برتر خدمت کی ایک منفرد کلاس جو زندگی کے مسلسل ارتقائی منظر ناموں سے نبرد آزما ہونے کے مطابق تشکیل دیا گیا ہے۔ **پرائمس** آ پکو معمول سے بڑھ کر ایک تجربہ پیش کرتا ہے اور آپ کو تشخیصی خدمات بھی فراہم کرتا ہے۔

ایمریلڈ پلان کے بیمہ کنندگان **پرائمس** کے متاثر کن فوائد حاصل کرسکتے ہیں قطع نظر اس کے کہ وہ ایمریلڈ کی کون سی قسم کا انتخاب کرتے ہیں۔
تفصیلات کیلئے، آپ ہماری ویب سائٹ www.efulifeprimus.com تک رسائی حاصل کرسکتے ہیں۔

### ڈاکٹر کنیکٹ:

ایمریلڈ پلس اور ایمریلڈ ایگزیکیوٹو میں سرمایہ کاری کر کے آپ ڈاکٹر کنیکٹ کی خدمت بھی حاصل کرسکتے ہیں۔ یہ خدمت آپ کو دنیا کے بہترین فزیشنز اور طبّی ماہرین تک قیمتی دوسری طبّی رائے حاصل کرنے کے لئے جب آپ کو اس کی بہت ہی شدید ضرورت ہو، رسائی مہیّا کرتی ہے ڈاکٹر سے کنیکٹ خدمت کے ذریعے درج ذیل سہولیات میسّر ہیں:

- آپ کے طبّی ریکارڈ پر گہری نظر ثانی: طبّی آراء اور علاج کے انتخاب مہیّا کرنے کے لئے، انٹر کنسلٹیشن آپ کی طبّی رپورٹس پر دنیا کے مشہور طبّی ماہرین کی نظر ثانی کا عمل ہے۔
- ماہر سے پوچھئے: ان سوالات کا جواب دینے کے لئے جن کے لئے آپ کے میڈیکل ریکارڈز کی مکمل نظر ثانی درکار نہ ہو۔
- ڈاکٹر آن لائن: 48 گھنٹے کے اندر غیر ہنگامی طبّی معلومات حاصل کرنے کے لئے ایک آن لائن سہولت۔



### افراطِ زر سے تحفظ

اس اختیار کے ذریعے سے آپ کو تحفظ اور ذہنی اطمینان ہوتا ہے کہ آپ کے پلان میں حاصل ہونے والے فوائد کو، آ پکی صحت سے قطع نظر، ہر سال خود کار طور پر بڑھا دیا جاتا ہے۔

اس اختیار کے انتخاب کے ذریعے ہر سال آپ کے ہر پریمیم کو سابقہ سال کے پریمیم سے 5 فیصد بڑھا دیا جائیگا۔

زرِ بیمہ کو ہر سال اسی تناسب سے بڑھایا جائیگا۔ آ پکو یہ سہولت بھی میسّر ہے کہ زر بیمہ کو ابتدائی سطح پر برقرار رکھتے ہوئے آپکے پریمیم کو ہر سال بڑھایا جا سکتا ہے جس سے یہ اضافی پریمیم آپکے سرمائے کو فروغ دینے میں مدد دیگا۔ زرِ بیمہ پر افراطِ زر صرف 55 سال کی عمر تک حاصل کرسکتے ہیں، بشرط یہ کہ آپکو ابتدائی طور پر آ پکو طے کردہ شرائط منظور ہوں۔

## اضافی رائڈرز شامل کر کے بیمے کے تحفّظ کو مزید بڑھایئے:

**ایکسیڈنٹل ڈیتھ بینیفٹ:** یہ رائڈر پالیسی کنندہ کی حادثاتی وفات پر ایک اضافی بیمہ شدہ رقم مہیّا کرتا ہے۔ یہ اضافی بیمہ شدہ مجموعہ بنیادی سم ایشورڈ کا 50 سے 200 فیصد تک ہوگا۔

**ایکسیڈنٹل ڈیتھ اینڈ ڈس ایبیلٹی بینیفٹ:** اگر وفات یا معذوری کسی حادثے کے باعث پیش آئی ہو تو آپ کا ایک اضافی رقم کا تحفّظ حاصل ہوگا جو بنیادی سم ایشورڈ کا 50 سے 200 فیصد تک ہوگا۔

**ایکسیڈنٹل ڈیتھ اینڈ ڈس ایبیلٹی بینیفٹ پلس:** حادثاتی وفات اور معذوری کی صورت میں حاصل فائدہ پلس آپ کو تحفّظ کی ایک اضافی سطح مہیّا کرتا ہے۔ درج بالا حادثاتی فوائد کے علاوہ، اگر آپ کسی حادثاتی چوٹ کا شکار ہو جاتے ہیں جو مستقل مکمل معذوری کا سبب بن جائے تو آپ کو ایک اضافی سم ایشورڈ یکمشت ادا کیا جائے گا۔ اس حوالے سے مستقل مکمل معذوری کے معنی ہیں کسی بھی ایسے پیشے سے منسلک نہ ہوسکنا جس کے لئے آپ تعلیم، تدریب یا تجربے کے اعتبار سے مناسب طور پر اہل ہوں۔

حادثاتی وفات کے دیئے گئے تین فوائد میں سے، ایک وقت میں کسی ایک کا انتخاب کیا جا سکتا ہے۔

**سم اشورڈ:** وفات کی صورت میں یہ ایک ضمانت شدہ قابل ادائیگی رقم ہے۔ سم اشورڈ کا تعیّن سالانہ پریمیئم مضروب پروٹیکشن ملٹپل سے ضرب دے کر کیا جاتا ہے جو ذیل میں درج حدوں سے منتخب کیا جا سکتا ہے:

| پروٹیکشن ملٹپل | |
|---|---|
| کم از کم | زیادہ سے زیادہ |
| 5 | 25، بشرطیکہ میچورٹی پر عمر 75 سال ہو |

**آٹومیٹک نان فارفیچر آپشن:** اگر دو سال تک پورے پریمیم ادا کر دئے گئے ہوں اور پھر کسی وجہ سے انکی ادائیگی رک جائے تو کمپنی غیر اداشدہ پہلے پریمیم کی تاریخ سے ایک سال کے عرصے کیلئے بنیادی پالیسی کو قائم رکھے گی۔ اس ایک سال کے دوران کمپنی انتظامی اور تحفظ کے اخراجات کی ادائیگی کے لئے کچھ یونٹس منہا کر دے گی۔ اس عرصے کے اختتام پر اگر پالیسی کی نقد مالیت موجود ہو تو وہ ''پیڈ اپ'' میں تبدیل کر دی جائیگی۔ اس صورت میں مزید کوئی پریمیم قابل ادا نہیں ہونگے اور وفات پر یا پالیسی کے اختتام پر قابل ادائیگی رقم پالیسی کی نقد مالیت کے برابر ہوگی۔ ہر پالیسی سال کے اختتام پر کمپنی پالیسی کو جاری رکھنے کے انتظامی خرچ کی ادائیگی کے لئے کچھ یونٹس منہا کر دے گی۔

**فری لک پیریڈ:** یہ چودہ دن کا دورانیہ ہوتا ہے جس میں آپ پالیسی کی شرائط وضوابط پر نظر ثانی کر سکتے ہیں اور پالیسی کو منسوخ کر سکتے ہیں۔ تحریری طور پر دی گئی درخواست پر پالیسی دستاویزات کی وصولی کی تاریخ سے چودہ دن کے اندر آپ کو پریمیئم کی رقم کی ادائیگی کر دی جائے گی۔ اس میں سے صرف طبّی معائنے پر کئے گئے اخراجات منہاء کئے جائیں گے۔

**انتباہ**

- یہ کتابچہ ایمر یلڈ پلان کی ایک عمومی تصویر پیش کرتا ہے۔
- یہ معاہدہ کس طور کام کرتا ہے اس کی تفصیلات پالیسی کی شرائط وضوابط میں درج ہیں۔
- فنڈ کی قدر میں اضافہ فنڈ کی اصل کارکردگی پر منحصر ہوگی۔
- براہ مہربانی نوٹ فرمائیے کہ یونٹ سے منسلک بیمہ زندگی کے پلان سرمایہ کاری میں نقصان کے احتمال سے مشروط ہیں اور منتخب شدہ فنڈ میں سرمایہ کاری میں ممکنہ نقصان پالیسی کے حامل کی ذمہ داری ہوگی۔
- براہ مہربانی فوائد کی ایک شخصی تشریح کے لئے ہمارے ہیڈ آفس یا سیلز مشیر سے رابطہ کیجئے۔

# 1st Leaf Front

**ایمریلڈ پلان**

**(ضروری تفصیلات)**

یہ پلان دو لچکدار آپشنز پیش کرتا ہے جس میں ہر ایک آپشن میں منفرد فیچرز شامل ہیں جو اس پلان کو آپ کے لئے بہترین انتخاب بنا دیتا ہے۔

| | آپشن 1 | آپشن 2 |
|---|---|---|
| عمر کی اہلیت | 18 سے 65 سال | 18 سے 65 سال |
| پریمیئم ادائیگی کی مدّت | 5 سال | 10 سے 25 سال |
| پلان کی مدّت | 10 سال | 10 سے 25 سال |
| میچورٹی پر زیادہ سے زیادہ عمر | 75 سال | 75 سال |
| کم از کم پریمیئم | 3,00,000 روپے سالانہ | |

**آپ کو زیادہ سے زیادہ منافع جات فراہم کرنے کے لئے یونٹس کی تخصیص (یونٹ ایلوکیشن)**

سالانہ بنیادی پریمیئم کی تخصیص کو منتخب شدہ فنڈ کے یونٹس کی خرید کے لئے درج ذیل طور پر استعمال کیا جائے گا:

| سال | بنیادی پریمیئم کی تخصیص شدہ فیصد |
|---|---|
| 1 | 75 فیصد |
| 2 | 90 فیصد |
| 3 | 97 فیصد |
| 4 اور 5 | 100 فیصد |
| 6 | 103 فیصد |
| 7 اور 8 | 105 فیصد |
| 9 | 107 فیصد |
| 10 اور اس سے زیادہ | 110 فیصد |

آپشن 1 کے لئے:

صرف پہلے پانچ سال کی تخصیص کا اطلاق ہوگا۔

فنڈ ایکسلریشن پریمیئم یونٹ کی تخصیص:

فنڈ ایکسلریشن پریمیئم ادائیگی کا 100 فیصد یونٹس کی خریداری کے لئے مختص کیا جائے گا۔

# 1st Leaf Back

**وفات کی صورت میں زیادہ سے زیادہ فائدہ (ڈیتھ بینیفٹ)**

پالیسی کے حامل کی ناگہانی وفات کی صورت میں واجب الادا فائدہ ہوگا:

اصل پلان کا سم اشورڈ یا اصل پلان کی بنیادی کیش ویلیوز

(دونوں میں سے جو زیادہ ہو)

اور

فنڈ ایکسلریشن پریمیئم ادائیگیوں کی کیش ویلیوز (اگر کوئی ہو)

**پالیسی اختتام پر یکمشت فائدے کا لطف اٹھائیے (میچورٹی پر فائدہ):**

پالیسی مدّت کے اختتام پر، اگر پالیسی کا حامل حیات ہو تو اس صورت میں حاصل فائدہ ہوگا:

بنیادی پلان کے مستقل پریمیئم پر لاگو کیش ویلیوز

اور

فنڈ ایکسلریشن پریمیئم ادائیگیوں کی کیش ویلیوز (اگر کوئی ہو)

**بیمہ کی مدّت میں اضافہ (ایکسٹینڈڈ ٹرم اشورنس):**

سب سے زیادہ لچکدار فیچر جو پالیسی کنندہ کو ایک طے شدہ بیمہ مدّت کے لئے پریمیئم ادا کرنے کا اور بقایا پالیسی مدّت کے لئے پریمیئم روک دینے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ یہ خاص طور پر اس وقت کارآمد ہے اگر پالیسی کنندہ پریمیئم ادا کرنے کے قابل نہ ہو مگر تحفظ کا خواہاں ہو۔ بیمہ کی مدّت میں اضافے کا اختیار دس پالیسی سالوں کے پریمیئم کی ادائیگی سے قبل حاصل نہیں کیا جاسکتا۔ رائڈرز (اگر کوئی ہوں) منسوخ ہو جائیں گے اگر بیمے کی مدّت میں اضافے کا انتخاب کیا جاتا ہے۔

**اخراجات:**

پلان پر درج ذیل اخراجات کا اطلاق ہوگا:

- فنڈ منیجمنٹ اخراجات: فنڈ قدر کا 1.5 فیصد سالانہ
- بِڈ/آفر اسپریڈ: اصل پریمیئم کا 5 فیصد
- ایڈمنسٹریشن اخراجات: 1500 روپے سالانہ (سالانہ منہا کیا جائے گا)

نوٹ: اس پروڈکٹ پر اصل کتابچے میں دیئے گئے انتباہ کا اطلاق ہوگا۔


**ای ایف یو لائف اشورنس لمیٹڈ**

ای ایف یو لائف ہاؤس، پلاٹ نمبر 112، آٹھویں ایسٹ اسٹریٹ

فیز I، ڈی ایچ اے، کراچی، پاکستان

فون: (111-338-111) (021) 111-EFU-111

فیکس: (021) 34537519

ویب سائٹ: www.efulife.com

## 2nd Leaf Front

### ایمریلڈ پلس پلان
### (ضروری تفصیلات)

یہ پلان دو لچکدار آپشنز پیش کرتا ہے جس میں ہر ایک آپشن میں منفرد فیچرز شامل ہیں جو اس پلان کو آپ کے لئے بہترین انتخاب بنا دیتا ہے۔

| | آپشن 1 | آپشن 2 |
|---|---|---|
| عمر کی اہلیت | 18 سے 65 سال | 18 سے 65 سال |
| پریمیئم ادائیگی کی مدّت | 5 سال | 10 سے 25 سال |
| پلان کی مدّت | 10 سال | 10 سے 25 سال |
| میچورٹی پر زیادہ سے زیادہ عمر | 75 سال | 75 سال |
| کم از کم پریمیئم | 5,00,000 روپے سالانہ | |

### آپ کو زیادہ سے زیادہ منافع جات فراہم کرنے کے لئے یونٹس کی تخصیص (یونٹ ایلوکیشن)

سالانہ بنیادی پریمیئم کی تخصیص کو منتخب شدہ فنڈ کے یونٹس کی خرید کے لئے درج ذیل طور پر استعمال کیا جائے گا:

| سال | بنیادی پریمیئم کی تخصیص شدہ فیصد |
|---|---|
| 1 | 85 فیصد |
| 2 | 90 فیصد |
| 3 | 97 فیصد |
| 4 اور 5 | 100 فیصد |
| 6 | 103 فیصد |
| 7 اور 8 | 105 فیصد |
| 9 | 107 فیصد |
| 10 اور اس سے زیادہ | 110 فیصد |

آپشن 1 کے لئے:

صرف پہلے پانچ سال کی تخصیص کا اطلاق ہوگا۔

فنڈ ایکسلریشن پریمیئم یونٹ کی تخصیص:

فنڈ ایکسلریشن پریمیئم ادائیگی کا 100 فیصد یونٹس کی خریداری کے لئے مختص کیا جائے گا۔

## 2nd Leaf Back

**وفات کی صورت میں زیادہ سے زیادہ فائدہ (ڈیتھ بینیفٹ)**

پالیسی کے حامل کی ناگہانی وفات کی صورت میں واجب الادا فائدہ ہوگا:

اصل پلان کا سم اشورڈ

یا

اصل پلان کی بنیادی کیش ویلیوز (دونوں میں سے جو زیادہ ہو)

اور

فنڈ ایکسلریشن پریمیئم ادائیگیوں کی کیش ویلیوز (اگر کوئی ہو)

**پالیسی اختتام پر یکمشت فائدے کا لطف اٹھایئے (میچورٹی پر فائدہ):**

پالیسی مدّت کے اختتام پر، اگر پالیسی کا حامل حیات ہو تو اس صورت میں حاصل فائدہ ہوگا:

بنیادی پلان کے مستقل پریمیئم پر لاگو کیش ویلیوز

اور

فنڈ ایکسلریشن پریمیئم ادائیگیوں کی کیش ویلیوز (اگر کوئی ہو)

**بیمہ کی مدّت میں اضافہ (ایکسٹینڈڈ ٹرم اشورنس):**

سب سے زیادہ لچکدار فیچر جو پالیسی کنندہ کو ایک طے شدہ مدّت کے لئے پریمیئم ادا کرنے کا اور بقایا پالیسی مدّت کے لئے پریمیئم روک دینے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ یہ خاص طور پر اس وقت کارآمد ہے اگر پالیسی کنندہ پریمیئم ادا کرنے کے قابل نہ ہو مگر تحفظ کا خواہاں ہو۔ بیمہ کی مدّت میں اضافے کا اختیار دس پالیسی سالوں کے پریمیئم کی ادائیگی سے قبل حاصل نہیں کیا جا سکتا۔ رائڈرز (اگر کوئی ہوں) منسوخ ہو جائیں گے اگر بیمے کی مدّت میں اضافے کا انتخاب کیا جاتا ہے۔

**اخراجات:**

پلان پر درج ذیل اخراجات کا اطلاق ہوگا:

- فنڈ منیجمنٹ اخراجات: فنڈ قدر کا 1.5 فیصد سالانہ
- بِڈ/آفر اسپریڈ: اصل پریمیئم کا 5 فیصد
- ایڈمنسٹریشن اخراجات: 1500 روپے سالانہ (سالانہ منہا کیا جائے گا)

نوٹ: اس پروڈکٹ پر اصل کتابچے میں دیئے گئے انتباہ کا اطلاق ہوگا۔


**ای ایف یو لائف اشورنس لمیٹڈ**

ای ایف یو لائف ہاؤس، پلاٹ نمبر 112، آٹھویں ایسٹ اسٹریٹ
فیز ا، ڈی ایچ اے، کراچی، پاکستان
فون: (111-338-111) 111-EFU-111 (021)
فیکس: 34537519 (021)
ویب سائٹ: www.efulife.com

## 3rd Leaf Front

**ایمریلڈ ایگزیکیوٹو پلان**

**(ضروری تفصیلات)**

یہ پلان دو لچکدار آپشنز پیش کرتا ہے جس میں ہر ایک آپشن میں منفرد فیچرز شامل ہیں جو اس پلان کو آپ کے لئے بہترین انتخاب بنا دیتا ہے۔

| | آپشن 1 | آپشن 2 |
|---|---|---|
| عمر کی اہلیت | 18 سے 65 سال | 18 سے 65 سال |
| پریمیئم ادائیگی کی مدّت | 5 سال | 10 سے 25 سال |
| پلان کی مدّت | 10 سال | 10 سے 25 سال |
| میچورٹی پر زیادہ سے زیادہ عمر | 75 سال | 75 سال |
| کم از کم پریمیئم | 15,00,000 روپے سالانہ | |

**آپ کو زیادہ سے زیادہ منافع جات فراہم کرنے کے لئے یونٹس کی تخصیص (یونٹ ایلوکیشن)**

سالانہ بنیادی پریمیئم کی تخصیص کو منتخب شدہ فنڈ کے یونٹس کی خرید کے لئے درج ذیل طور پر استعمال کیا جائے گا:

| سال | بنیادی پریمیئم کی تخصیص شدہ فیصد |
|---|---|
| 1 | 95 فیصد |
| 2 | 95 فیصد |
| 3 | 97 فیصد |
| 4 اور 5 | 100 فیصد |
| 6 | 103 فیصد |
| 7 اور 8 | 105 فیصد |
| 9 | 107 فیصد |
| 10 اور اس سے زیادہ | 110 فیصد |

آپشن 1 کے لئے:

صرف پہلے پانچ سال کی تخصیص کا اطلاق ہوگا۔

فنڈ ایکسلریشن پریمیئم یونٹ کی تخصیص:

فنڈ ایکسلریشن پریمیئم ادائیگی کا 100 فیصد یونٹس کی خریداری کے لئے مختص کیا جائے گا۔

## 3rd Leaf Back

**وفات کی صورت میں زیادہ سے زیادہ فائدہ (ڈیتھ بینیفٹ)**

پالیسی کے حامل کی ناگہانی وفات کی صورت میں واجب الادا فائدہ ہوگا:

اصل پلان کا سم اشورڈ یا اصل پلان کی

بنیادی کیش ویلیوز (دونوں میں سے جو زیادہ ہو)

اور

فنڈ ایکسلریشن پریمیئم ادائیگیوں کی کیش ویلیوز (اگر کوئی ہو)

**پالیسی اختتام پر یکمشت فائدے کا لطف اٹھایئے (میچورٹی پر فائدہ):**

پالیسی مدّت کے اختتام پر، اگر پالیسی کا حامل حیات ہو تو اس صورت میں

حاصل فائدہ ہوگا:

بنیادی پلان کے مستقل پریمیئم پر لاگو کیش ویلیو

اور

فنڈ ایکسلریشن پریمیئم ادائیگیوں کی کیش ویلیوز (اگر کوئی ہو)

**بیمہ کی مدّت میں اضافہ (ایکسٹینڈڈ ٹرم اشورنس):**

سب سے زیادہ لچکدار فیچر جو پالیسی کنندہ کو ایک طے شدہ بیمہ مدّت کے لئے پریمیئم ادا کرنے کا اور بقایا پالیسی مدّت کے لئے پریمیئم روک دینے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ یہ خاص طور پر اس وقت کارآمد ہے اگر پالیسی کنندہ پریمیئم ادا کرنے کے قابل نہ ہو مگر تحفظ کا خواہاں ہو۔ بیمہ کی مدّت میں اضافے کا اختیار دس پالیسی سالوں کے پریمیئم کی ادائیگی سے قبل حاصل نہیں کیا جاسکتا۔ رائڈرز (اگر کوئی ہوں) منسوخ ہوجائیں گے اگر بیمے کی مدّت میں اضافے کا انتخاب کیا جاتا ہے۔

**اخراجات:**

پلان پر درج ذیل اخراجات کا اطلاق ہوگا:

- فنڈ منیجمنٹ اخراجات: فنڈ قدر کا 1.5 فیصد سالانہ
- بڈ/آفر اسپریڈ: اصل پریمیئم کا 5 فیصد
- ایڈمنسٹریشن اخراجات: 1500 روپے سالانہ (سالانہ منہا کیا جائے گا)

نوٹ: اس پروڈکٹ پر اصل کتابچے میں دیئے گئے انتباہ کا اطلاق ہوگا۔


ای ایف یو لائف اشورنس لمیٹڈ

ای ایف یو لائف ہاؤس، پلاٹ نمبر 112، آٹھویں ایسٹ اسٹریٹ

فیز ا، ڈی ایچ اے، کراچی، پاکستان

فون: (111-338-111) (021)111-EFU-111

فیکس: (021)34537519

ویب سائٹ: www.efulife.com